(۳)

نام کتاب : ۱۱ستمبر سے ابوغریب جیل تک: اصل حقائق
مصنف : علی آصف
ضخامت: 224 صفحات ...... قیمت :150 روپے
ملنے کا پتہ: ادارہ منشورات اسلامی بالمقابل منصورہ ملتان روڈ لاہور

نائن الیون کے واقعہ نے عالمی امن کو تہہ و بالا کر ڈالا۔ اس سے قبل بھی یہود و نصاریٰ مسلمانوں کو نقصان پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرتے تھے‘ مگر اس واقعہ کو تو انہوں نے مسلمانوں کو ملیامیٹ کرنے کا بہانہ بنالیا۔ نائن الیون کے واقعہ کے پس منظر اور پیش منظر کو ہر شخص جاننا چاہتا ہے مگر متضاد قسم کی رپورٹوں سے کسی حتمی نتیجے پر نہیں پہنچا جاسکتا۔ مصنف کتاب ڈاکٹر علی آصف علم دوست اور فاضل نوجوان ہیں۔ اُمت مسلمہ کا درد بھی رکھتے ہیں۔ انہوں نے انتہائی جانفشانی اور محنت کے ساتھ اس عظیم واقعے کے تمام پہلوؤں کا بڑی دقت نظر سے مطالعہ کیا ہے اور اپنے حاصل مطالعہ کو کتابی صورت میں پیش کر دیا ہے۔ مصنف کتاب کے دیباچے میں رقم طراز ہیں:

> ”اس کتاب کا مقصد نوجوانوں کو امریکہ اور مغرب کے خلاف بھڑکانا اور مشتعل کرنا ہرگز نہیں ہے‘ نہ ہی میرا مقصد حکومت پاکستان اور افواجِ پاکستان پر تنقید کرنا ہے۔ بلکہ عوام کے سامنے تاریخ و حقائق کا دوسرا رخ پیش کرنا ہے جو عام لوگوں سے پوشیدہ رکھا گیا ہے۔ اس کتاب کا تمام تر مواد مغربی میڈیا سے لیا گیا ہے۔ مغربی جرائد و رسائل و اخبارات کے انٹرنیٹ ایڈیشن کا بھرپور مطالعہ کیا گیا ہے اور امریکی مبصرین کی روشنی میں گیارہ ستمبر کے دوسرے پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس کتاب میں تمام واقعات کا طائرانہ جائزہ لیا گیا ہے۔ مزید تفصیلات کو طوالت کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اس کتاب کا مقصد عوام اور بالخصوص ہمارے بڑوں کو یہ باور کرانا ہے کہ مغربی میڈیا کے بڑے حصے کی بغیر سوچے سمجھے تقلید نہ کی جائے اور ہر خبر کا بغور جائزہ لیا جائے۔“

ڈاکٹر اسرار احمد بانی تنظیم اسلامی اور داعی تحریک خلافت پاکستان نے اس کتاب پر رائے دیتے ہوئے کہا ہے کہ قارئین کے لئے مصنف کی یہ کاوش دلچسپی کا باعث ہوگی اور عہدِ حاضر کے